In the name of Allah the Most Gracious the Ever Merciful

بسم اللہ الرحمن الرحیم

Press Desk

Ahmadiyya Muslim Jamaat
INTERNATIONAL
(INDIA)

شعبہ پریس اینڈ میڈیا بھارت

Office Press & Media
Ahmadiyya Muslim Jama'at India,
Qadian-143516, Distt.Gurdaspur, Punjab, India.
Mobile: +91-99887 57988
Email: pressamjindia@gmail.com
Tel: +91-1872-500282
ahmadiyya_press ahmadiyyapressindia

(A Registered Religious and Charitable Society in India under the Societies Registration Act XXI 1860)

Ref/زیر حوالہ

Date/تاریخ

کابل میں سکھ گوردوارہ پر دہشت گردانہ حملہ قابل مذمت ہے

احمدیہ مسلم جماعت بھارت اس تکلیف کی گھڑی میں سکھ برادری سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے

احمدیہ مسلم جماعت بھارت گذشتہ دنوں کابل کے گوردوارہ میں ہونے والے دہشت گردانہ حملہ کی سخت مذمت کرتی ہے۔ جماعت احمدیہ مسلمہ بھارت اس واقعہ پر بیزاری کا اظہار کرتی ہے اور اس تکلیف کی گھڑی میں سکھ برادری سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے۔

اسلامی تعلیمات کی رو سے کسی بھی معصوم کا قتل گویا ساری انسانیت کا قتل ہے۔ اسلام کسی بھی قسم کی دہشت گردی کی ہرگز اجازت نہیں دیتا ہے بلکہ اسلام امن و امان کا مذہب ہے۔ مذہبی مقدس مقامات پر حملہ کرنا اور عبادت گزاروں کا قتل کرنا سراسر غیر اسلامی فعل ہے۔ جو تخریب کار عناصر اسلام کے نام پر اس قسم کے سفاکانہ حملہ کے مرتکب ہیں وہ دراصل اسلام کو بدنام کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور امن عالم کو نقصان پہنچاتے ہیں۔

احمدیہ مسلم جماعت بھارت اس حادثہ کے متاثرین سے دل کی گہرائیوں سے ہمدردی کا اظہار کرتی ہے اور ان کے لئے دعائیں کرتی ہیں۔